0085074

K19U 2442

Reg. No. : ....

Name : ....

III Semester B.A Degree (CBCSS-Reg./Sup./Imp.)

Examination, November 2019

(2017 Admn. Onwards)

CORE COURSE IN URDU

3B03 URD GHAZAL

Time : 3 Hours Max. Marks : 40

I قوسین سے مناسب جواب چن کر لکھیے۔ (8 × 1 = 8)

۱۔ لفظ غزل کس زبان کا ہے؟ (ترکی، عربی، فارسی)

۲۔ 'خدائے سخن' کے نام سے کسے یاد کیا جاتا ہے؟ (غالب، میر، ولی)

۳۔ گیان پیٹھ انعام سے کس اردو شاعر کو نوازا گیا؟ (حسرت، غالب، شہریار)

۴۔ اردو غزل کو کس نے نیا راستہ دکھایا؟ (ولی، درد، حسرت)

۵۔ غزل پر سب سے زیادہ تنقید کس شاعر نے کی تھی؟ (کلیم الدین احمد، رشید احمد، حالی)

۶۔ مقطع کسے کہتے ہیں؟ (پہلے شعر کو، اچھے شعر کو، آخری شعر کو)

۷۔ مطلب کے اعتبار سے غزل کا ہر شعر کیسا ہوتا ہے؟ (جداگانہ، ٹوٹا پھوٹا، ملا جلا)

۸۔ اردو کا پہلا صاحب دیوان شاعر کون ہے؟ (ولی، میر، قلی)

II ذیل کے کسی چھ سوالوں کے جواب ایک یا دو جملوں میں لکھیے۔ (6 × 1 = 6)

۹۔ 'اردو غزل دل والوں کی دنیا تھی۔ غالب نے اسے ذہن دیا'۔ یہ کس کا قول ہے؟

۱۰۔ ولی اورنگ آبادی کو کس نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

۱۱۔ حسنِ مطلع سے کیا مراد ہے؟

۱۲۔ قافیہ کسے کہتے ہیں؟

P.T.O.

۱۳۔ گیان پیٹھ اوارڈ یافتہ ایک غزل گو شاعر کا نام لکھیے۔

۱۴۔ ولی کہاں کے رہنے والے تھے؟

۱۵۔ فانی کا انتقال کہاں ہوا تھا؟

۱۶۔ مومن کس دربار کا شاعر تھا؟

۱۷۔ حالی کس کے شاگرد تھے؟

III درجہ ذیل اشعار میں سے کسی پانچ کا مفہوم مختصراً لکھیے۔ **(5 × 2 = 10)**

۱۸۔ چاہا بہت کہ دشت کو گلزار کر سکوں۔ میرے بدن میں خون تو تھا، اتنا خون نہ تھا۔

۱۹۔ شب وہی شب ہے دن وہی دن ہیں۔ جو تری یاد میں گزر جائیں۔

۲۰۔ منزلِ عشق پہ تنہا پہنچے کوئی تمنا ساتھ نہ تھی۔ تھک تھک کر اس راہ میں آخر ایک ایک ساتھی چھوٹ گیا۔

۲۱۔ رنج کیا کیا ہیں؟ ایک جان کے ساتھ۔ زندگی موت ہے حیات نہیں۔

۲۲۔ سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں۔ خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں۔

۲۳۔ آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت۔ اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا۔

۲۴۔ کب تک نبھایئے؟ بت نا آشنا کے ساتھ۔ کیجیے وفا کہاں تلک؟ اس بے وفا کے ساتھ۔

۲۵۔ مکھ ترا آفتاب محشر ہے۔ شور اس کا جہاں میں گھر گھر ہے۔

IV درج ذیل سوالوں کے جواب تفصیل سے لکھیے۔ **(2× 8 = 16)**

۲۶۔ ولی کو اردو غزل کی تاریخ میں کیا مقام ہے؟ مدلل لکھیے۔

یا

۲۷۔ میر کی شاعری کی اہم خصوصیات مثال کے ساتھ بیان کیجیے۔

۲۸۔ اردو غزل کے آغاز وارتقا پر روشنی ڈالیے۔

یا

۲۹۔ غالب کو اردو غزل میں کیا مقام ہے؟ مدلل بحث کیجیے۔